# نون لیگ اور پی ڈی ایم حکومتوں کی شرمناک کارکردگی اور قوم کے ٹیکس کے پیسوں سے میڈیا کی زباں بندی کا معاملہ

7 ستمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کیجانب سے شدید ردعمل کا اظہار
- وزارتِ اطلاعات و نشریات کی جانب سے اشتہارات کی مد میں کئے جانے والے اخراجات کی تفصیلات ہر لحاظ سے ہوشربا اور باعثِ شرم ہے۔
- منظرِ عام پر آنے والی معلومات سے ظاہر ہے کہ مجرموں نے کیسے اشتہارات کو سیاسی رشوت ستانی اور جھوٹ کو ریاستی سرپرستی مہیا کرنے کا وسیلہ بنایا۔
- نالائق اور نااہل گروہ نے محض 16 ماہ میں گمراہ کن پراپیگنڈے پر کم و بیش دس ارب صرف کئے۔
- پی ڈی ایم کے مجرم حکمرانوں نے پنجاب اور پختونخوا کے 17 کروڑ ووٹرز کا حقِ رائے دہی سلب کرنے کیلئے انتخابات کیلئے سپریم کورٹ تک سے جھوٹ بولا اور پیسے دینے سے انکار کیا۔
- ملک پر بدترین سیاسی، آئینی اور معاشی تباہی مسلط کرکے اشتہاروں کے ذریعے میڈیا کی زباں بندی کروائی گئی۔
- دس ارب کے یہ اشتہارات میرٹ و شفافیت کی دھجیاں اڑاتے ہوئے مخصوص ٹی وی چینلز اور اخبارات و جرائد کے مالکان کی تجوریوں میں منتقل کئے گئے۔

- انہی دس ارب سے قوم کو تقسیم کرنے، نفرت کا بازار گرم کرنے، عدلیہ کو بدنام کرنے اور آئین و جمہوریت کیخلاف بدترین یلغار کو کامیاب بنانے کیلئے وسیع پیمانے پر میڈیا کو ہمنوا بنایا گیا۔
- اشتہارات کی آڑ میں میڈیا کو شہری آزادیوں کے سلب کئے جانے اور ابلاغ و اظہار پر پابندیوں پر خاموشی اختیار کرنے پر آمادہ کیا گیا۔
- سیاست میں ضمیر فروشی کے فروغ کے بعد میڈیا میں رشوت ستانی کے کلچر کے فروغ کی مجرمانہ کوششیں مافیا سیاست کی شرمناک مثال ہے۔
- قوم نے جھوٹ اور جرم کے سارے ہتھکنڈوں کو اپنے سیاسی شعور سے مسترد کیا ہے۔
- تحریک انصاف ہی آئین کی روح کے مطابق آزادئ اظہار و ابلاغ اور اہلِ صحافت کی فلاح کا ایجنڈا آگے بڑھائے گی۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ